PRESS RELEASE

# الیکشن کمیشن آف پاکستان

## پریس ریلیز

مورخہ: 4جولائی 2025

الیکشن کمیشن نے سینٹ میں صوبہ خیبر پختونخواہ کی 7جنرل، 2خواتین اور 2ٹیکنوکریٹ/علماء کی نشستوں کی پولنگ کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے جس کے مطابق پولنگ مورخہ 21جولائی 2025 کو خیبر پختونخواہ اسمبلی کی بلڈنگ میں ہوگی۔ یاد رہے کہ الیکشن کمیشن نے 2اپریل 2024 کو مذکورہ بالا انتخابات سپیکر کی طرف سے مخصوص نشستوں پر منتخب ممبران صوبائی اسمبلی سے حلف نہ لینے اور الیکٹورل کالج نامکمل ہونے کی وجہ سے ملتوی کئے تھے۔

مزید الیکشن کمیشن نے محترمہ ثانیہ نشتر کی سینٹ سے خالی کردہ نشست پر انتخابات کے لئے الیکشن پروگرام جاری کر دیا ہے جس کے مطابق پبلک نوٹس 9جولائی 2025، کاغذات نامزدگی جمع کروانے کی تاریخ 10اور 11جولائی، کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال 16جولائی اور پولنگ 31جولائی کو ہوگی۔

مزید برآں مرحوم ساجد میر کی سینٹ سے خالی کردہ نشست پر الیکشن کے مختلف مراحل جو کہ الیکٹورل کالج نامکمل ہونے کی وجہ سے ملتوی کئے گئے تھے اس کا نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا ہے۔ جس میں ریٹرننگ آفیسر امیدواروں کی Revised list لسٹ 15جولائی 2025 کو جاری کرے گا اور کاغذات نامزدگی 16جولائی 2025 تک واپس لئے جا سکیں گے اور پولنگ 21جولائی 2025 کو پنجاب اسمبلی بلڈنگ میں ہوگی۔

اسکے علاوہ قومی اسمبلی میں خیبر پختونخواہ صوبہ سے مسلم لیگ ن کی خواتین کی مخصوص 2خالی نشستوں پر بھی الیکشن پروگرام جاری کر دیا گیا ہے۔ جس کے مطابق پبلک نوٹس 8جولائی 2025 کو ریٹرننگ آفیسر جاری کرے گا۔ کاغذات نامزدگی 9اور 10جولائی 2025 کو جمع کروائے جا سکیں گے، کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال 14جولائی اور امیدواروں کی حتمی لسٹ 24جولائی 2025 کو جاری کی جائے گی۔ مسلم لیگ ن کی Priority list ختم(Exhaust)ہو چکی ہے لہذا اسے 10جولائی تک Priority list ریٹرننگ آفیسر کے پاس جمع کروانی ہوگی۔

الیکشن کمیشن نے 2جولائی 2025 کو مخصوص نشستوں پر جن ممبران قومی وصوبائی اسمبلی کا نوٹیفکیشن جاری کیا تھا ان کی حلف برداری کے لئے بھی سپیکر قومی وصوبائی اسمبلیوں کو خطارسال کر دیئے گئے ہیں تاکہ وہ اپنی ذمہ داریاں سنبھال سکیں اور خیبر پختونخواہ اور پنجاب کے سینٹ الیکشن میں ووٹ کاسٹ کر سکیں۔

*Office Telephone:* (+92)(51) (9205611)
*Fax:* (+92)(51) (9205300)
*Address:*
Election Commission Of Pakistan Secretariat, Election House,
Constitution Avenue, G-5/2, Islamabad

*Free, Fair, Transparent & Inclusive Elections*

MEDIA COORDINATION
& OUTREACH WING